**10اکتوبر2019ء**

## مالی سال20ءکے ابتدائی تین مہینوں میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے5.4 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال20ءکے ابتدائی تین مہینوں (جولائی تا ستمبر) میں 5478.11 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 5557.61 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

ستمبر 2019ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1747.95 ملین ڈالر رہی جو کہ اگست 2019ء کے مقابلے میں 3.4 فیصد زیادہ جبکہ ستمبر 2018ء کے مقابلے میں17.6 فیصد زیادہ ہیں۔ بلحاظ ملک ستمبر 2019ء کی تفصیلات سے پتہ چلتاہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں(بشمول بحرین، کویت، قطراور عمان)اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب420.88ملین ڈالر،363.34 ملین ڈالر،281.91 ملین ڈالر،264.89 ملین ڈالر،162.77 ملین ڈالر، اور 53.20 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ ستمبر 2018ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب360.16ملین ڈالر، 308.13ملین ڈالر،240.49ملین ڈالر، 216.75ملین ڈالر،134.49 ملین ڈالر اور 41.14 ملین ڈالر تھیں۔ ستمبر 2019ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 200.95 ملین ڈالر رہیں جبکہ ستمبر 2018ء میں ان ملکوں سے 185.31 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

*******